# 10287- برائی کرنے میں لوگوں کے فعل کا حوالہ دینے کا حکم

## سوال

اس مرد یا عورت کا حکم کیا ہے جب انہیں کہا جائے کہ تم جو کر رہے ہو یہ حرام ہے، مثلا آپ کسی عورت کو چھوٹے کپڑے پہننے سے منع کریں، یا پھر کسی شخص کو سگرٹ نوشی سے منع کریں تو وہ آپ کے قول کا رد کرتے ہوئے کہیں کہ سب لوگ اسی طرح کرتے ہیں یا پھر یہ کہے کہ ہمارے ملک میں تو عورتیں اسی طرح کا لباس پہنتی ہیں، تو اس کا کیا حکم ہے ؟

## پسندیدہ جواب

جو بھی اس طرح کو جواب دے وہ غلط ہے، اور لوگوں کا عمل اس برائی کے ارتکاب کو جائز نہیں کرتا، اللہ سبحانہ وتعالی نے اپنی کتاب عزیز میں کچھ اس طرح فرمایا ہے :

.{اور دنیا میں اکثر لوگ ایسے ہیں کہ اگر آپ ان کا کہنا ماننے لگیں تو وہ آپ کو اللہ تعالی کی راہ سے بے راہ کردیں گے }..الانعام (116) ۔

کسی چیز کی حلت وحرمت تو صرف کتاب اللہ اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے لی جائے گی نہ کہ لوگوں کے عمل سے اس لیے کہ لوگ تو غلطی بھی کرسکتے ہیں اور ان کا عمل صحیح بھی ہوسکتا ہے ۔.